**08-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---

**Music**

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں کئی ریلیاں کیں۔

☆ BJP اور کانگریس کے رہنماؤں نے اترپردیش میں متعدد ریلیاں کیں۔ بہار میں عظیم اتحاد کے رہنماؤں نے ریلیاں کیں اور لوگوں سے گھر گھر جاکر ملاقات کی۔

☆ 16 ویں مالیاتی کمیشن نے قابل غور معاملات کے بارے میں عام لوگوں، دلچسپی رکھنے والی تنظیموں اور افراد سے آراء اور تجاویز طلب کی ہیں۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے جمعے کے روز تک راجستھان اور مدھیہ پردیش کے علاقوں میں گرمی کی لہر پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور...... IPL کرکٹ میں حیدرآباد میں لکھنؤ سُپر جائنٹس اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان میچ جاری ہے۔۔

---

**(Music)**

---

اب خبریں تفصیل سے

**Rev 4th Phase Campaign**

لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندر

مودی نے آج تلنگانہ کے کریم نگر اور وارنگل میں ریلیاں کیں جبکہ آندھرا پردیش کے Rajampet اور وجے واڑہ میں روڈ شو کیا۔ آج صبح کریم نگر پارلیمانی حلقے میں واقع Vemulawada کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے پچھلے 10 برس کے دوران NDA سرکار کی کامیابیوں اور حصولیابیوں کا سہرہ لوگوں کو دیا۔

جناب مودی نے تلنگانہ میں BRS اور کانگریس کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور BJP کی 'پہلے ملک' کی پالیسی کے عزم کو دوہرایا۔

Rajampet میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے لوگوں سے کہا کہ وہ اپنے آپ کو پریشانیوں سے بچانے اور خوشحالی لانے کیلئے آندھرا پردیش میں 'ڈبل انجن کی سرکار' بنائیں۔

2100- Final PM Rajampet

آندھرا پردیش میں اسمبلی انتخابات بھی ساتھ ساتھ ہو رہے ہیں۔ BJP کے سینئر رہنما نے کہا کہ ملک نے کانگریس پارٹی کا اصلی چہرہ دیکھ لیا ہے اور اب ملک کا ہر شخص اُن کی چال سے واقف ہے۔

اترپردیش میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے اہم رہنما اور سرکردہ شخصیات نے اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لیا۔

کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے آج رائے بریلی میں اپنی پہلی انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے آج شاہجہاں پور کے مقام پر ایک چناؤ ریلی میں BJP کی سخت تنقید کی اور کہا کہ BJP صرف فرضی وعدے کرتی ہے۔ بعد میں انھوں نے فرخ آباد میں پارٹی امیدوار کی حمایت کیلئے ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔

BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی پارٹی کے امیدوار اور امور داخلہ کے مرکزی وزیر مملکت اجے مشرا Teni کی حمایت کیلئے لکھیم پور کھیری ضلع میں انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اور پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر رِوینتھ ریڈی نے آج کہا کہ BJP اور BRS نے تلنگانہ کیلئے کچھ نہیں کیا ہے۔ اپنی پارٹی کے امیدوار کی حمایت کیلئے Armoor کے مقام پر روڈ شو میں لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ BRS کے سربراہ K چندر شیکھر کو کانگریس پارٹی کے ذریعے عوام کو کرائی گئی یقین دہانیوں کے نفاذ کے بارے میں سوال کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

BRS کے سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ نے آج صبح Narsapur کے مقام پر ایک روڈ شو کے دوران BJP اور کانگریس کی تنقید اور کہا کہ دونوں پارٹیاں ایک جیسی ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ کانگریس نے اپنے انتخابی وعدے خاص طور پر فصلوں کے قرض کو معاف کرنے کے وعدے کو پورا نہیں کیا ہے۔ x

## Bihar Campaign

بہار میں NDA اورعظیم اتحاد کے رہنماؤں نے اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کے حق میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا اور ریلیاں کیں۔ BJP کے سینئر لیڈر نتن گڈکری نے بیگوسرائے پارلیمانی حلقے میں Matihani کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ صرف NDA سرکار، غربت، بے روزگاری اور بھکمری کے مسائل کو حل کرسکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مکئی اور گنّے سے ایتھنول کی پیداوار ملک کی زراعت کے شعبے میں انقلاب لا رہی ہے اور کسانوں کو اب اپنی فصل کی بہتر قیمت مل رہی ہے۔ جناب گڈکری نے کہا کہ صرف وزیر اعظم مودی ہی بھارت کو دنیا بھر میں پانچ ٹریلین کی معیشت کی راہ پر لے جاسکتے ہیں۔

RJD، کانگریس اور بائیں بازو کی پارٹیوں پر مشتمل عظیم اتحاد کے رہنماؤں نے بھی انتخابی ریلیاں کیں اور گھر گھر جاکر لوگوں سے ملاقات کی۔

RJD کے رہنما تیجسوی پرساد یادو نے Karakat پارلیمانی حلقے میں Akorhi Gola کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ جناب یادو نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے اچھے دن کے نام پر لوگوں کو دھوکہ دیا۔ انھوں نے کہا کہ مرکز میں NDA سرکار کے 10 سال بعد بھی بے روزگاری عروج پر ہے اور لوگوں کی نقل مکانی نہیں رُکی ہے۔ RJD رہنما نے کہا کہ بہار کیلئے خصوصی درجے کا وعدہ پورا نہیں کیا گیا۔ x

## ECI Fifth Phase Candidates

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کی 49 پارلیمانی سیٹوں کے لیے کُل 695 امیدوار میدان میں ہیں۔ اِن پارلیمانی حلقوں میں 20 مئی کو چناؤ ہوں گے، جس کے لیے کُل ایک ہزار 586 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے۔ پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 3 مئی تھی اور کچھ امیدواروں کی طرف سے نام واپس لیے جانے کے بعد اب 695 امیدوار میدان میں ہیں۔

x

## Khunti Constituencey Profile

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظر نامے کی سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کی Khunti لوک سبھا سیٹ سے متعلق ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ Khunti اور جھارکھنڈ کی تین اور سیٹوں کے لیے چوتھے مرحلے کے تحت 13 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرتبہ Khunti پارلیمانی حلقے میں 13 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ہیں۔ اس حلقے میں اصل مقابلہ NDA کے

امیدوار مرکزی وزیر ارجن مُنڈا اور آئی این ڈی آئی اے کی طرف سے کانگریس کے امیدوار کالی چرن مُنڈا کے درمیان ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V/C - Shilpi

Khunti لوک سبھا پارلیمانی حلقہ اس اعتبار سے اہمیت کا حامل ہے کہ یہ مجاہد آزادی بھگوان برسا منڈا کی جائے پیدائش ہے۔ اُن کی پیدائش Khunti ضلع کے Ulihatu گاؤں میں ہوئی تھی۔ اس علاقہ کے منڈا قبائل برطانوی حکومت کے خلاف لمبی لڑائی میں برسا منڈا کی قیادت میں اپنی بہادری اور شجاعت کے لیے مشہور ہیں۔ Khunti پارلیمانی حلقے میں Torpa، Simdega، Kolebira ، Tamar اور Kharsawan سمیت چھ اسمبلی حلقے ہیں۔ یہ سیٹ درج فہرست قبائل کے لیے ریذروڈ ہے اور یہاں 50 فیصد منڈا قبائل کی آبادی، 21 فیصد عیسائی جبکہ 29 فیصد آبادی کا تعلق دیگر طبقوں سے ہے۔ اس حلقے میں 1704 پولنگ مراکز، چھ لاکھ 66 ہزار مرد ووٹرس اور 6 لاکھ 45 ہزار خواتین ووٹرس ہیں۔

Khunti لوک سبھا سیٹ پر 15 بار انتخابات کرائے گئے ہیں جن میں بار BJP کے Kariya Munda جبکہ تین مرتبہ کانگریس کے امیدوار کو کامیابی ملی ہے۔

2019 کے لوک سبھا انتخابات میں ارجن منڈا نے کانگریس کے کالی چرن منڈا کو 1445 ووٹوں سے شکست دی تھی۔x

## Foreign Delegation Praises

بھارت کے انتخابی عمل کا مشاہدہ کرنے کیلئے دورے پر آئے ایک غیر ملکی وفد نے کہا کہ یہاں کے رائے دہندگان کا پولنگ کے تئیں جوش و خروش اور اُن کے چہرے پر بے پناہ مسرت، بھارت کے انتخابی کمیشن کے ذریعہ نافذ کردہ ووٹنگ بیداری پروگرام کی کامیابی ہے۔ انتخابی کمیشن نے یہ پروگرام دوسرے ملکوں کے انتخابی بندوبست سے متعلق اداروں کے ساتھ بین الاقوامی تعاون اور شراکت داری کیلئے ترتیب دیا ہے۔ اِس پروگرام کے تحت انتخابی عمل کا مشاہدہ کرنے کیلئے غیر ملکی وفد کے نمائندے مہاراشٹر آئے ہیں۔ رائے گڑھ میں پولنگ مرکز پر پولنگ کے عمل کا معائنہ کرنے کے بعد وفد نے آج ریاست کے اعلیٰ انتخابی آفیسر S Chokkalingam سے ملاقات کی اور بھارت کے انتخابی عمل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ اس غیر ملکی وفد میں بنگلہ دیش، سری لنکا، قزاخستان اور زمبابوے کے نمائندے شامل ہیں۔ x

### Sitharaman Rahul Gandhi

بی جے پی کی اعلیٰ رہنما اور مرکزی وزیر خزانہ محترمہ نرملا سیتا رمن نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کے ، اِن الزامات کو ردّ کردیا ہے کہ سرکاری شعبے کے اداروں کو ختم کیا جارہا ہے اور اُن کی حالت خراب ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے جناب گاندھی کے الزامات کو ردّ کرتے ہوئے ، ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر دعویٰ کیا کہ نریندر مودی سرکار میں ، سرکاری شعبے کے ادارے پھل پھول رہے ہیں۔ محترمہ سیتا رمن نے الزام لگایا کہ کانگریس کی زیر قیادت UPA سرکار میں سرکاری شعبے کے اداروں کو نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ موجودہ سرکار ، سرمایہ کاری اخراجات پر توجہ مرکوز کررہی ہے ، جس کے نتیجے میں اُن کی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ x

### BJP INC Pitroda

BJP نے آج کانگریس لیڈر Sam Pitroda کے بھارتی افراد کے بارے میں مبینہ قابل اعتراض تبصرے پر اُن کی شدید نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے BJP کے ترجمان سدھانشو تریویدی نے کہا کہ جناب Pitroda نے بھارت کی ثقافت اور شناخت کے ساتھ ساتھ ملک کے لوگوں کی توہین کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جیسے جیسے لوک سبھا انتخابات آگے بڑھ رہے ہیں، کانگریس پارٹی بے نقاب ہوتی جا رہی ہے۔ جناب تریویدی نے الزام لگایا کہ کانگریس کا پورا نظریہ لوگوں کو تقسیم کرنے کا ہے۔

BJP کے لیڈر اور مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر نے الزام لگایا کہ جناب Pitroda کا بیان، کانگریس کی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔

اس سے پہلے جناب Pitroda نے ملک کے مختلف حصوں سے آنے والے شہریوں کا چینی، افریقی، عرب اور گوروں سے موازانہ کیا تھا۔

اس دوران کانگریس پارٹی نے جناب Pitroda کے مذکورہ بیان سے خود کو الگ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کی گوناگونیت کو اجاگر کرنے کیلئے اُن کی تشبیہات ناقابل قبول ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر پارٹی کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے کہا کہ کانگریس خود کو اِن تشبیہات سے الگ کرتی ہے۔

اس دوران جناب Pitroda نے اپنی مرضی سے انڈین اورسیز کانگریس کے چیئرمین کا عہدہ چھوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جناب رمیش نے کہا کہ کانگریس صدر نے اُن کے فیصلے کو قبول کرلیا ہے۔ x

### Finance Commission

سولھویں مالیاتی کمیشن نے Terms of Reference ساتھ ہی ایسی عام حکمت عملی سے متعلق عوام، متعلقہ

تنظیموں اور شخصیتوں سے آراء اور تجاویز طلب کی ہیں، جو کمیشن کی طرف سے اپنائی جا سکیں۔ مالیاتی کمیشن کے کام کاج سے متعلق مسئلے پر بھی تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ یہ تجاویز 16ویں مالیاتی کمیشن کی ویب سائٹ پر Call for Suggestions سیکشن کے تحت درج کرائی جا سکتی ہیں۔ 16ویں مالیاتی کمیشن کو آئین ہند کے مطابق صدرِجمہوریہ کی طرف سے قائم کیا گیا ہے، جس کے چیئرمین ڈاکٹر اروند Panagariya ہیں۔ آفات کے بندوبست سے متعلق قانون 2005 کے تحت قائم کیے گئے فنڈ کے حوالے سے آفات کے بندوبست کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے سرمایہ اکٹھا کرنے کے موجودہ انتظامات کا جائزہ لینا اور اس سے متعلق ضروری سفارشات پیش کرنا بھی اس کمیشن کے دائرۂ اختیار میں ہے۔x

## Health Thalaseemia

مرکزی صحت سکریٹری اپوروا چندر نے آج Thalaseemia کی بیماری سے نمٹنے کیلئے بروقت پتہ لگانے اور اس کی روک تھام کی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملک میں Thalaseemia کے تقریباً ایک لاکھ مریض ہیں، جبکہ ہر سال تقریباً 10 ہزار نئے معاملات سامنے آتے ہیں۔ انھوں نے جانچ کے ذریعہ بروقت اس مرض کا پتہ لگانے اور سرگرم اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب چندر نئی دلّی میں Thalaseemia کے عالمی دن کے موقع پر ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے قومی صحت مشن کے تحت موجودہ تولیدی اور بچوں کی صحت RCH پروگراموں میں Thalaseemia کی لازمی جانچ کو شامل کرنے کی وکالت کی تاکہ اِس بیماری کے پھیلاؤ کو کم کیا جاسکے۔

Thalaseemia کا عالمی دن Thalaseemia کی بیماری سے بچاؤ کی اہمیت پر زور دینے، اس کے تئیں لوگوں میں بیداری پیدا کرنے، متعلقہ فریقوں کو حساس بنانے، مرض کی جلد تشخیص کو فروغ دینے اور اِس بیماری سے متاثرہ افراد کی معیاری دیکھ بھال کو یقینی بنانے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتا ہے۔

Thalaseemia موروثی خون کی خرابی ہے، جس کی وجہ سے جسم میں ہیموگلوبن معمول سے کم ہوتا ہے۔ x

## Hajj Pilgrims First Batch

اِس سال جموں و کشمیر سے سات ہزار سے زیادہ لوگ حج کے لیے روانہ ہوں گے۔ پہلی پرواز کل سری نگر بین الاقوامی ہوائی اڈے سے روانہ ہوگی۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 320 عازمین حج کا پہلا گروپ کل روانہ ہوگا۔ اس مقدس سفر پر بغیر محرم کے تقریباً 37 خواتین عازمین حج بھی روانہ ہوں گی، جن میں سے بڑی تعداد سری نگر سے جانے والی خواتین کی ہے۔ عازمین حج کی سہولت کے لیے صحت، سکیورٹی اور ایمرجنسی

خدمات سمیت جموں و کشمیر کے مختلف شعبوں میں مشترکہ طور پر اقدامات کیے جائیں گے۔ عازمین حج کو ضروری معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے کی خاطر دو بار تربیتی اجلاس بھی منعقد کیے جاچکے ہیں۔×

### Rabindranath Tagore Birth Anniversary

آکاشوانی کولکاتہ میں آج گرو رابندر ناتھ ٹیگور کا یوم پیدائش پورے جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔ بنگالی کیلنڈر کے مطابق اُن کا یوم پیدائش بیساکھ کی 25 تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ اس موقعے پر صبح سے ہی بنگالی، ہندی اور اردو میں کئی پروگرام نشر کیے گئے۔

دنیا بھر میں اہل بنگال جن میں بنگلہ دیش کے عوام بھی شامل ہیں۔ انگریزی کیلنڈر کے بجائے بیساکھ کی 25 تاریخ کو اُن کے یوم پیدائش کے طور پر مناتے ہیں۔×

### USA Israel

امریکہ نے کہا ہے کہ اُس نے گذشتہ ہفتے جنوبی غزہ کے رفع کے علاقے پر اسرائیل کے بھرپور حملے کی تشویش کے پیش نظر اسرائیل کو بموں کی سپلائی روک دی ہے۔ افسران کے مطابق اس سپلائی میں 900 کلوگرام اور 225 کلوگرام کے بم شامل تھے۔ 7 اکتوبر کو حماس کے حملوں کے بعد جب سے Biden انتظامیہ نے اسرائیل کو اپنی مضبوط حمایت دی ہے تب سے یہ اس نوعیت کی پہلی تاخیر ہے۔ امریکہ۔ اسرائیل کا سب سے قریبی حلیف اور ہتھیاروں کا سب سے اہم سپلائر رہا ہے۔ امداد کی فراہمی میں رکاوٹ وزیراعظم بنیامن نتن یاہو اور صدر جو بائیڈن کی حکومتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کی واضح علامت ہے۔

اس سے قبل امریکہ نے اسرائیل سے غزہ میں انسانی جانوں کی حفاظت کے تئیں مزید اقدامت کے لیے کہا تھا۔×

### IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے جمعے کے روز تک مدھیہ پردیش اور راجستھان میں گرمی کی تازہ لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ دو دن کے دوران Puduchery میں، جبکہ آئندہ 5 روز کے دوران گجرات کے ساحلی علاقوں میں گرمی اور مرطوب موسم جاری رہے گا۔

سنیچر کے روز تک شمال مشرقی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی ہے۔

ملک کے بقیہ علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔×

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، لکھنؤ سپر جائنٹس اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان میچ جاری ہے۔
لکھنؤ سپر جائنٹس نے سن رائزرس حیدرآباد کے سامنے جیت کے لیے 166 رن کا نشانہ رکھا ہے۔
لکھنؤ سپر جائنٹس نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹ پر 165 رن بنائے۔
اس سے قبل، لکھنؤ سپر جائنٹس نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔
دونوں ہی ٹیموں نے گیارہ گیارہ میچ کھیل کر 12 پوائنٹس حاصل کیے ہیں۔ سن رائزرس حیدرآباد بہتر رن ریٹ کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر چوتھے مقام پر ہے۔ آج کے کھیل کی جیت دونوں ہی ٹیموں کے لیے بہت ہی اہم ہے۔

کولکاتہ نائٹ رائڈرس اور راجستھان رائلس 16 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست ہیں۔
کل، ہماچل پردیش کے دھرم شالہ کے مقام پر کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆